# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 12 February-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۲؍فروری ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

- ☆ اے آئی ٹکنالوجی کو سماجی اور اخلاقی مفادات کو ذہن میں رکھ کر ذمہ داری کے ساتھ تیار کرنے کی وزیرِ اعظم نریندر مودی کی تلقین۔
- ☆ ملک کی شمسی توانائی سے بجلی پیدا کرنے کی استعداد میں گذشتہ ایک دہائی میں 32 گنا اضافے کا وزیرِ اعظم کا دعویٰ۔
- ☆ بچت گروپوں کی تیار کردہ مصنوعات کی فروخت کیلئے تجرباتی بنیاد پر 10 مال تعمیر کرنے کا وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کا اعلان۔
- ☆ جماعتِ دہم اور بارہویں کے امتحانات میں اجتماعی نقل کے واقعات کے خلاف سخت کارروائی کا حکم؛ بارہویں کے امتحانات کا آغاز۔

اور۔۔۔☆ قومی کھیلوں میں 149 تمغوں کے ساتھ مہاراشٹر دوسرے نمبر پر۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ مصنوعی ذہانت یعنی آرٹیفیشیل انٹیلیجنس کا مستقبل، مشینوں میں نہیں بلکہ انسانی ہاتھوں میں ہے۔ اس لیے اے آئی ٹکنالوجی کی ترویج و ترقی پوری ذمہ داری کے ساتھ اور سماجی اخلاقی مفادات کو پیشِ نظر رکھ کر کی جائے۔ وہ کل پیرس میں اے آئی ایکشن کونسل کے شریک چیئرمن کی حیثیت سے مخاطب تھے۔ فرانس کے صدر ایمونیل میکران بھی اس موقع پر میزبان کی حیثیت سے موجود تھے۔ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے اپنے خطاب میں اے آئی شعبے کا ذمہ دارانہ استعمال اور ریگولیٹیڈ منصوبہ بندی کیلئے عالمی سطح پر مشترکہ اور مربوط کوششوں کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ انھوں نے کہا کہ تعلیمی، صحتِ عامہ اور زراعت جیسے شعبوں میں انقلابی تبدیلیاں لانے کی صلاحیت اے آئی ٹکنالوجی میں موجود ہے۔ اس لیے عالمی سطح پر کم ترقی یافتہ ممالک بھی اس سے مستفید ہو سکتے ہیں، اس بات کا خیال رکھا جانا چاہیے۔ انھوں نے کہا:

*’’دنیا کا ہر ایکسپرٹ آج کہہ رہا ہے کہ 21 سینچری بھارت کی سینچری ہے۔ بھارت اپنی ہی نہیں دنیا کی گروتھ کو بھی ڈرائیو کر رہا ہے اور اس میں ہمارے اینرجی سیکٹر کی بہت بڑی بھومیکا ہے۔‘‘*

***** ***** *****

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ گذشتہ ایک دہائی میں ملک کی شمسی توانائی کی استعداد میں 32 گنا اضافہ ہوا ہے۔ قومی توانائی ہفتہ 2025 کا افتتاح کل بذریعہ ٹیلی کانفرنسنگ وزیرِ اعظم کے ہاتھوں عمل میں آیا۔ اس موقع پر انھوں نے کہا کہ بھارت صرف اپنی ترقی ہی نہیں بلکہ پوری دنیا کی ترقی کا محرک بن رہا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ ملک اکتوبر 2025 سے قبل ہی ایندھن میں 20 فیصد ایتھنال کی آمیزش کا ہدف حاصل کرنے کی سمت رواں دواں ہے۔

*’’آج بھارت 19% ایتھنال بلینڈنگ کر رہا ہے اس سے فارین ایکسچینج کی سیونگ ہوئی ہے اور سبسٹینشیل فارمر ریونیو جنریٹ ہوا ہے۔ ہم اکتوبر 2025 سے پہلے ہی 20% ایتھنال مینڈیٹ اچیو کرنے کی راہ پر ہے۔‘‘*

اسی دوران ’’قومی توانائی ہفتہ‘‘ عالمی سطح پر دوسرا سب سے بڑا توانائی پروگرام ہے۔اس ہفتے کے دوران ملک کی کامیاب ’’پردھان منتری اُجولا یوجنا‘‘ عالمی سطح پر مثالی اسکیم کے طور پر پیش کی جائے گی۔

***** ***** *****

وزیرِخزانہ نرملا سیتا رَمن نے کہا ہے کہ مرکزی سالانہ بجٹ میں قومی ترقی اور معاشی ترجیحات کے مابین توازن کو برقرار رکھا گیا ہے۔وہ کل لوک سبھا میں بجٹ پر مباحثے کا جواب دے رہی تھیں۔انھوں نے کہا کہ ملک کی شرحِ نمو عالمی سطح پر سب سے زیادہ ہواس کیلئے مرکزی حکومت کوشاں ہے۔اس کے علاوہ افراطِ زر کی شرح دو تا چھ فیصد کے درمیان رکھنے پر حکومت زور دے رہی ہے۔

***** ***** *****

مرکزی حکومت کی وزارتِ اطلاعات ونشریات کی جانب سے ممبئی میں آڈیو ویژول انٹرٹینمنٹ سمٹ ویوز 2025‘‘ کےعنوان سے عالمی سطح کی کانفرنس کا انعقاد آئندہ یکم تا 4 مئی کے دوران ہوگا۔کل اس سلسلے میں منعقدہ ایک اجلاس منعقد ہوا۔اس اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کہا کہ اس پروگرام کے کامیاب انعقاد کیلئے ریاستی حکومت ہر ممکنہ تعاون کرے گی۔

***** ***** *****

اسی دوران ممبئی کے باندرہ-کُرلا کامپلیکس میں مہالکشمی سرس فروخت ونمائش کا کل وزیرِ اعلیٰ کے ہاتھوں افتتاح عمل میں آیا۔اس موقع پر اپنے خطاب میں پھڑنویس نے کہا کہ فی الحال ریاست میں 18 لاکھ لکھ پتی دیدی ہیں اور مارچ کے مہینے تک یہ تعداد 25 لاکھ تک پہنچائی جائیگی۔انھوں نے اعلان کیا کہ ’’اُمید‘‘ کے ذریعے ریاست بھر کے بچت گروپوں کو وسائل مہیا کرنے کی غرض سے تجرباتی بنیادوں پر 10 اضلاع میں 10 مال تعمیر کیے جائیں گےاور اس کیلئے ریاستی حکومت ہر ممکنہ مدد کرے گی۔انھوں نے مزید کہا کہ حکومت نے اس طرح کے منصوبے شروع کیے ہیں اوران تمام منصوبوں پرعمل ہوتا ہےتو خواتین معیشت کی مرکزی حیثیت اختیار کرجائیں گی۔

***** ***** *****

دریں اثناءریاست میں جماعتِ دہم اور بارہویں کے امتحانات کے دوران بڑے پیمانے پر اجتماعی نقل کے واقعات کے خلاف سخت کارروائی کرنے کا حکم وزیرِ اعلیٰ نے ریاست کے تمام ضلع کلکٹرز اور پولس افسران کو دیا ہے۔ریاستی کابینہ کے اجلاس میں وزیرِ اعلیٰ نے ہدایت کی کہ بدعنوانی میں ملوث امتحانی مراکز کا رجسٹریشن دائمی طور پر منسوخ کیا جائے اور نقل کی وارداتوں میں مدد کرنے والے اساتذہ اور ملازمین کو خدمات سے راست طور پر برطرف کردیا جائے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

ریاستی ثانوی اوراعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ کے تحت بارہویں جماعت کے امتحانات کا کل سے آغاز ہوا۔چھترپتی سمبھاجی نگر کے ضلع کلکٹر دلیپ سوامی نے کل شہر کے دیوگری کالج کے امتحانی مرکز کا دورہ کیا۔

ناندیڑ ضلع میں کل انگریزی کے پرچے میں 948 طلبہ کے غیر حاضر رہنے کی اطلاع ہمارے نامہ نگار نے دی ہے۔

بیڑ ضلع میں امتحانات نقل کے واقعات سے پاک ماحول میں کروانے کیلئے محکمۂ تعلیم اورانتظامیہ کوشاں ہے۔تاہم بیڑ شہر میں کل امتحانات کے پہلے دن طلبہ کو نقل کے کئی واقعات دیکھنے میں آئے۔

جالنہ ضلع میں معمولی واقعات کو چھوڑ کر پہلا پرچہ تمام مراکز پر پُر امن طور پر ہوا۔فلائنگ اسکواڈ نے تین مراکز پر 9 طلبہ کو نقل کرتے ہوئے پکڑا۔

***** ***** *****

قومی کمیشن خواتین برائے خواتین کی سربراہ وجیا راہٹکر نے اطلاعات وٹکنالوجی کی وزارت کو ہدایت کی ہے کہ سماجی ذرائع ابلاغ پر پروگراموں کیلئے ضابطۂ اخلاق تیار کرکے اس پر سختی کے ساتھ عمل درآمد کیا جائے۔انھوں نے کہا کہ یوٹیوب پر رانویر الہ بادیہ کے متنازعہ اور قابلِ اعتراض بیان کا کمیشن نے سخت نوٹس لیا ہے کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں انھوں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا:

*''جو بھاشا وہاں پر یوز کی گئی ہے وہ بہت خراب بھاشا ہے۔اس بھاشا کا اس طرح سے اُپیوگ نہیں ہونا چاہیئے اس وِشئے میں کمیشن بہت گمبھیر ہے اور ہم نے آئی ٹی منسٹر کو لکھا ہے کہ ایسے جو پلیٹ فارمس ہیں' اس پلیٹ فارم کیلئے کچھ نیاماوَلی اور اچھی طریقے سے ہونی چاہیے اور ایسے نیاوَلی کے مادھیم سے ہی ان کو کنٹرول کرنا بہت ضروری ہے۔''*

***** ***** *****

بزرگ ادیب پروفیسر را- رم- بوراڑے کی آخری رسومات کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں سوگوار ماحول میں ادا کردی گئیں۔ پروفیسر بوراڑے کل صبح چھترپتی سمبھاجی نگر میں انتقال کر گئے تھے۔ وہ 85 برس کے تھے۔ان کی موت پر ادبی اور تعلیمی حلقوں میں شدید رنج وغم کا اظہار کیا جارہا ہے۔ وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس' نائب وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے' نائب وزیرِ اعلیٰ اجیت پوار اور مراٹھی زبان کے وزیر اُدئے سامنت نے بھی پروفیسر بوراڑے کی موت پر رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔

***** ***** *****

اُتراکھنڈ میں جاری 38 ویں قومی کھیلوں میں کل جمناسٹکس میں چھ طلائی اور دو نقرئی تمغے مہاراشٹر نے حاصل کیے۔ٹیبل ٹینس میں ریاست کی ٹیم نے نقرئی تمغہ جیتا۔تمغوں کی فہرست میں مہاراشٹر فی الحال کُل 149 تمغوں کے ساتھ دوسرے نمبر پر ہے۔جس میں 41 طلائی' 54 چاندی کے اور 54 کانسے کے تمغے شامل ہیں۔تمغوں کی فہرست میں 55 طلائی تمغوں کے ساتھ عسکری دستے پہلے اور 33 طلائی تمغوں کے ساتھ کرناٹک تیسرے نمبر پر ہے

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر کے ضلع کلکٹر دلیپ سوامی نے کہا ہے کہ شجرکاری اور درختوں کا تحفظ ایک سماجی ذمہ داری ہے۔ وہ کل سوشل فاریسٹری محکمے کی جانب سے منعقدہ ایک پروگرام سے خطاب کررہے تھے۔اس موقع پر انھوں نے بانس اور چندن سمیت باغاتی معیشت کو سمجھنے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔

***** ***** *****

ہنگولی ضلع کے کسان اپنے مختلف مطالبات کو پورا کرنے کیلئے ممبئی میں نیم برہنہ احتجاج کرنے کیلئے ممبئی روانہ ہوگئے ہیں۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ مانخورد تا منترالیہ 20 کلومیٹر فاصلہ یہ کسان نیم برہنہ حالت میں طئے کرکے پیدل منترالیہ پہنچیں گے۔اس سے قبل ان کسانوں نے ہنگولی میں ضلع کلکٹر کے دفتر کے روبرو مظاہرہ بھی کیا۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ اے آئی ٹکنالوجی کو سماجی اور اخلاقی مفادات کو ذہن میں رکھ کر ذمہ داری کے ساتھ تیار کرنے کی وزیرِ اعظم نریندر مودی کی تلقین۔

☆ ملک کی شمسی توانائی سے بجلی پیدا کرنے کی استعداد میں گذشتہ ایک دہائی میں 32 گنا اضافے کا وزیرِ اعظم کا دعویٰ۔

☆ بچت گروپوں کی تیار کردہ مصنوعات کی فروخت کیلئے تجرباتی بنیاد پر 10 مال تعمیر کرنے کا وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کا اعلان۔

☆ جماعتِ دہم اور بارہویں کے امتحانات میں اجتماعی نقل کے واقعات کے خلاف سخت کارروائی کا حکم؛ بارہویں کے امتحانات کا آغاز۔

اور۔۔۔☆ قومی کھیلوں میں 149 تمغوں کے ساتھ مہاراشٹر دوسرے نمبر پر۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****